**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti, in his special message on the occasion of World Universal Health Coverage Day, has said that quality and accessible health is not only the fundamental right of every human being but also the primary responsibility of the state. The Balochistan government is taking practical, sustainable and effective steps to fulfill this responsibility. The Chief Minister said that integrated reforms are underway rapidly to strengthen the health sector in the province, which aim to provide the public with quick, easy and reliable access to treatment. He said that the Balochistan government is determined to ensure that quality medical facilities reach every citizen of the province on an equal basis, whether in the city or in remote mountainous areas. He said that for the first time since the establishment of Pakistan, basic health facilities are being provided in many regions of Balochistan in a real sense, which is a testament to the historic and extraordinary steps of the current provincial government. The Chief Minister said that programs related to maternal and child health are being developed on modern lines so that future generations can benefit from a better and safer medical environment. Sikken Mir Sarfaraz Bugti said that investment in the health sector actually lays the foundation for social stability and a prosperous future. Under this objective, comprehensive reforms are being carried out in government hospitals to ensure free treatment for the poor and vulnerable sections. The positive results of these reforms have not only started to be noticeable but the lives of the people are also changing in a real sense. He said that in any emergency or disaster situation, a strong health system proves to be the real protective shield of the people and with this thinking, the provincial government is paying special attention to the improvement of the health sector. Rapid progress is being made on effective policies to achieve equal access to treatment and public welfare goals. The Chief Minister of Balochistan reiterated the resolve that the ongoing reforms in the health sector will prove to be the foundation for a strong, safe, fair and healthy future for the people of Balochistan in the coming years.

CamScanner

# CM unveils sweeping healthcare reforms for healthy future

QUETTA: Chief Minister Mir Sarfraz Bugti reaffirmed his government's commitment to reshaping Balochistan's healthcare system, pledging a future that is strong, secure, fair and healthy for all citizens.

In his special message on International Universal Health Coverage Day here Friday, the chief minister underscored that access to quality healthcare is not a privilege but a fundamental human right and a core responsibility of the state.

"Medical facilities will be extended to every citizen, from urban centers to remote mountainous regions to ensure universal access", he said, adding, for the first time several under-served areas in Balochistan are receiving basic health services-an achievement CM Bugti described as extraordinary and historic.

The chief minister reaffirmed that the modernized programs for mothers and children remain a top priority to safeguard future generations.

Under the comprehensive health reforms, the government hospitals are undergoing reforms to guarantee free, high-quality treatment for the poor and vulnerable.

CM Bugti emphasized that a strong health system acts as the ultimate Continued on page 7

protective shield during disasters and emergencies. He noted that current investments in healthcare are also investments in social stability and provincial prosperity.

"The positive results of these reforms are already becoming visible, and we are seeing a real transformation in the lives of our people," he added.

The provincial government is fast-tracking policies to ensure equitable distribution of health resources. According to the Chief Minister, the structural changes initiated this year will lay the foundation for a resilient and self-reliant Balochistan in the years ahead.-APP

CamScanner

# حکومت بلوچستان کی محرومیوں کا خاتمہ کریگی، صوبائی وزیر خزانہ

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں نوجوانوں کے ساتھ تمام اقوام نے ملکر کردار ادا کرنا ہوگا یہ صوبہ ہم سب کا مشترکہ ہے، میر شعیب نوشیروانی

چیئرمین، وائس چیئرمین اور کونسلرز کے اپنے اپنے اختیارات ہیں اس کے تحت وہ عوام کی خدمت کریں خاران کے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اپنے محدود وسائل میں رہ کر تمام اضلاع کو یکساں ترقیاتی کاموں کے ساتھ بلوچستان کی محرومیوں کا خاتمہ ضرور کریگی بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے نوجوانوں کے ساتھ ساتھ یہاں کے تمام اقوام نے ملکر کردار ادا کرنا ہوگا یہ صوبہ ہم سب کا مشترکہ ہے یہاں سالوں سال سے محرومیوں کا خاتمہ ایک دن میں ممکن نہیں ہماری کوشش ہوگی کہ صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہونے کے ساتھ یہاں کے نوجوانوں کو بھی روزگار کے مواقع فراہم کیے جاسکیں، یہ.......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بات انہوں نے جمعہ کے روز خاران کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ سیاست سے ہٹ کر ہمیں علاقے کے مفاد کیلئے ایک ساتھ مل کر کام کرنا ہے میونسپل کمیٹی میں پارٹی بازی نہیں ہونی چاہئیں بلکہ سب ایک ہوکر عوام کی خدمت کریں چیئرمین وائس چیئرمین اور کونسلرز کے اپنے حدود و اختیارات ہیں وہ اپنے اختیارات کے تحت عوام کی خدمت کریں خاص کر میونسپل کمیٹی ملازمین کے حاضری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کریں شہر کی صفائی پر خاص توجہ دی جائے، سٹی کے اہم میگا، پروجیکٹ ماسٹر پلان میونسپل کمیٹی کا حصہ ہیں

# خواتین کیلئے "پنک بس" کا اجراء قابلِ تحسین ہے، سنجے کمار

یہ منصوبہ خواتین کی محفوظ سفر کی جانب ایک انقلابی قدم بھی ہے، رہنما پیپلز پارٹی

سبی (آئی این پی) پارلیمانی مشیر برائے اقلیتی امور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے اقلیتی ونگ کے صوبائی صدر سنجے کمار چھوانی نے کوئٹہ میں پیپلز بس سروس کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ وہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی عوام دوستی کا عملی ثبوت ہے۔ جدید بسوں کے ساتھ خواتین کیلئے مخصوص "پنک بس" کا اجراء نہ صرف.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

قابلِ تحسین ہے بلکہ خواتین کی محفوظ، باوقار اور بااختیار سفر کی جانب ایک انقلابی قدم بھی ہے عوام کو دیرینہ مطالبہ پورا کرکے پارٹی نے عوام دوست منصوبہ بندی کی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں ہونے والی بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مکھی عامر چنڈال بھی موجود تھے

# حکومت ترقی و خوشحالی کے جامع وژن پر گامزن ہے، فیصل خان جمالی

کوشش ہے بنیادی سہولیات ہر شہری تک مساوی طور پر پہنچائیں، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی کے جامع وژن پر گامزن ہے حلقے کے مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی سنجیدہ ترجیحات اور عوامی خدمت کے مضبوط عزم کی عکاس ہے۔ سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں عوامی وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کی کو.......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

شش ہے کہ بنیادی سہولیات ہر شہری تک مساوی طور پر پہنچائی جائیں، تاکہ عوام کو روزمرہ زندگی میں زیادہ سے زیادہ آسانیاں میسر آئیں۔ انہوں نے بتایا کہ انفراسٹرکچر، تعلیم، صحت اور زراعت سمیت متعدد شعبوں میں اصلاحات اور ترقیاتی منصوبے تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں، جن کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے لائیو اسٹاک کے شعبے میں جاری اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس اہم معاشی شعبے کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالا جا رہا ہے۔ مویشی پال حضرات کے لئے تربیتی ورکشاپس، موثر ویکسینیشن مہمات، ویٹرنری سہولیات کی بہتری اور مالدار طبقے کے لئے سہولیات میں اضافہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ لائیو سٹاک کی مضبوطی سے صوبائی سطح پر معاشی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے عوامی وفد کے مسائل توجہ سے سننے کے بعد متعلقہ اداروں کو فوری اور موثر اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔

# بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے، میر سلیم احمد کھوسہ

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبے کے روڈ اور بلڈنگ انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات

کبھی انتشار کی سیاست نہیں کی، ہمارے راستے میں جتنی بھی رکاوٹیں کھڑی کی جائیں گی ہم عبور کرکے ترقیاتی کاموں کا سفر جاری رکھیں گے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرینگے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے قیادت میں صوبے کے روڈ اور بلڈنگ انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کیے جا رہے ہیں تاکہ صوبے کے عوام کو ان سہولیات کا فائدہ ملے، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے عوام کو مایوس اور ان کے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے عوام سے کیے گئے وعدوں پر پورا اترنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائینگے اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کی جائے گی اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی کوتاہی وغفلت برتنے والوں کیخلاف بھرپور قانونی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ہمیشہ عوام کی فلاح و بہبود اور پبلک سروسز کی بہتری کیلئے کام کرتی ہے عوامی مسائل کا بروقت حل اولین ترجیح ہے ملک اور صوبہ اس وقت معاشی بحران سے گزر رہا ہے ملک کی ترقی کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ حلقے کے عوام کی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے انقلابی اقدامات اٹھائیں گے حلقے کی عوام کے مسائل کو حل کرنا اور حلقے میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھانا میں اپنا فرض سمجھتا ہوں عوام سے الیکشن میں جو وعدے کئے انہیں ضرور پورا کرونگا انہوں نے کہا کہ سیاست کو عوام کی فلاح و بہبود اور حلقے کے مسائل کے حل کے لیے اپنایا کبھی بھی انتشار کی سیاست نہیں کی مخالفین میرے راستے میں چاہے جتنی رکاوٹیں کھڑی کی جائیں سب کو عبور کرتے ہوئے ترقیاتی کاموں کا سفر جاری رہے گا۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان میں امریکی سرمایہ کاری خوش آئند، ترقی و روزگار کے نئے دروازے کھلیں گے، ظہور بلیدی

صوبے کے عوام امریکی صدر ٹرمپ اور پاکستان میں امریکی سفارت خانے کے شکرگزار ہیں، پاک امریکہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات، ظہور احمد بلیدی نے بلوچستان میں امریکی سرمایہ کاری کے اعلان کو خوش آئند قرار دیا جو صوبائی حکومت اور صوبے کے عوام کے لیے انتہائی حوصلہ افزا اور باعث مسرت خبر ہے۔ انہوں نے کہا کہ معدنیات کے شعبے میں یہ بڑی سرمایہ کاری اقتصادی ترقی کو فروغ دے گی، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرے گی اور مقامی کاروبار کے لیے مزید سرمایہ کاری کے دروازے کھولے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور پاکستان میں امریکی سفارت خانے کے شکرگزار ہیں، جس سے پاک امریکہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 13 DEC 2025 Page No 1

# محکمہ صحت سرمایہ کاری دوست اقدامات کی مکمل حمایت کرتا ہے، بخت محمد کاکڑ

## صحت کی سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور معیاری طبی خدمات کی فراہمی کیلئے نجی شعبے کا کردار نہایت اہم ہے

## بلوچستان کے ہر شہری کو یکساں صحت سہولیات تک رسائی دینے کیلئے حکومت سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب پانیزئی نے گزشتہ روز بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ کیا اور وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری سے اہم ملاقات کی، اس موقع پر بلوچستان کے شعبہ صحت میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کے امکانات پر تفصیلی غور و فکر کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان میں صحت کی بنیادی سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی کے لیے نجی شعبے کا کردار نہایت اہم ہے۔ اس ضمن میں مختلف ممکنہ سرمایہ کاری ماڈلز، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپس اور اسپتالوں، تشخیصی مراکز، میڈیکل آلات، ادویات اور ڈیجیٹل ہیلتھ سلوشنز کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے اضافی مواقع پر بھی گفتگو ہوئی۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ محکمہ صحت سرمایہ کاری دوست اقدامات کی مکمل حمایت کرتا ہے جبکہ حکومت بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے صحت کے شعبے میں درپیش چیلنجز کا پائیدار حل نکالنے کے لیے پرعزم ہے۔ سیکرٹری صحت مجیب پنیزئی نے بھی مختلف جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں سے متعلق بریفنگ دی اور سرمایہ کاری کے امکانات پر تکنیکی بریف پیش کی۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ صوبے میں صحت کے ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے یوم یونیورسل ہیلتھ کوریج کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے ہر شہری کو یکساں صحت سہولیات تک رسائی دینا وقت کا تقاضہ ہی نہیں بلکہ ایک اجتماعی ذمہ داری بھی ہے، اور موجودہ صوبائی حکومت اس ذمہ داری کو عملی اقدامات میں ڈھالنے کے لیے سنجیدہ اور فیصلہ کن کوششیں کر رہی ہے صوبائی وزیرِ صحت نے کہا کہ موجودہ حکومت نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی واضح ہدایات اور موثر قیادت کے تحت صحت کے شعبے میں کئی بنیادی اور دیرپا اصلاحات متعارف کروائی ہیں، جن کا بنیادی مقصد عوام کو بہتر، قابلِ بھروسہ اور معیاری علاج فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے بھر کے بنیادی اور ضلعی مراکز صحت کو فعال کرنے، لیبارٹریوں اور ایمرجنسی یونٹس کو اپ گریڈ کرنے، اور دور افتادہ علاقوں میں میڈیکل اسٹاف کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت کی توجہ صرف علاج تک محدود نہیں بلکہ بیماریوں کی روک تھام اور صحت مند طرزِ زندگی کو فروغ دینے پر بھی ہے۔ صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات کا مقصد بلوچستان میں ایسا نظام قائم کرنا ہے جو ہر شہری کو سہل، موثر، باعزت اور سستا علاج فراہم کر سکے۔ یونیورسل ہیلتھ کوریج کے اصولوں کو حقیقت بنانے کے لیے محکمہ صحت اپنی کوششیں مزید تیز کرے گا اور بلوچستان کے عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری صحت سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

# صوبائی مشیر بلدیات کی رحمت صالح بلوچ سے ملاقات

## ولید بلوچ کی شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار، آپ کے غم میں شریک ہیں، امیر حمزہ زہری

کوئٹہ (پ ر) پیپلز پارٹی کے رہنماء اور صوبائی مشیر برائے بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے نیشنل پارٹی کے رہنماء و رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے میر رحمت صالح بلوچ کے چھوٹے اور جوان سال بھائی ولید بلوچ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے صوبے کی موجودہ سیاسی، سماجی اور علاقائی صورتحال پر بھی تفصیلی گفتگو کی صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ وہ اس دکھ اور کرب کا مکمل ادراک رکھتے ہیں جو اپنے عزیز اور جوان سال بھائی کی جدائی سے وابستہ ہوتا ہے۔ انہوں نے اس مشکل وقت میں میر رحمت صالح بلوچ کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا اور شہید ولید صالح بلوچ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اس موقع پر سردار علی محمد جتک، ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری، ڈسٹرکٹ چیئرمین پنجگور عبدالمالک بلوچ، خان محمد زہری، میر علی دوست زہری، رسول بخش کھوسو، میر عبدالغفار زہری، مولوی عبدالخالق زہری، شہک زہری سمیت دیگر قبائلی معتبرین بھی موجود تھے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 13 DEC 2025

Page No. 16


# بلوچستان میں لیویز فورس کا انضمام آخری مرحلے میں داخل

## آئندہ چند ماہ کے دوران لیویز کے پولیس میں انضمام کا عمل مکمل ہوجائے گا

کوئٹہ (نیم حمید یوسفزئی) بلوچستان میں لیویز فورس کا انضمام آخری مرحلے میں داخل، آئندہ چند ماہ میں صوبے بھر میں لیویز فورس ختم ہوجائے گی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں امن و امان کے یکساں نظام کے قیام کے لیے لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کا عمل حتمی مراحل میں داخل ہوگیا ہے اور آئندہ چند ماہ کے دوران لیویز کا پولیس میں انضمام کا عمل مکمل ہوجائے گا۔ ذرائع کے مطابق صوبائی اسمبلی اور کابینہ کی سفارشات پر عملدرآمد کرتے ہوئے بی ایریا فورس سمیت متعدد ڈویژنز اور اضلاع میں لیویز کو باضابطہ طور پر پولیس میں شامل کیا جا چکا ہے۔ سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق پہلے مرحلے کے تمام اضلاع و ڈویژنز میں انضمام مکمل ہو چکا ہے جبکہ دوسرے اور آخری مرحلے کے تحت دسمبر کے تیسرے ہفتے تک سبی ڈویژن، لورالائی ڈویژن، ضلع ڈیرہ بگٹی اور ضلع چمن کی لیویز فورس کو بھی پولیس میں ضم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری ہونے کی توقع ہے۔ ذرائع کے مطابق لیویز کے خصوصی تربیت یافتہ یونٹس اسپیشل سوشیو اکنامک پروٹیکشن یونٹ اور کیو آر ایف ونگ کو ان کی مہارت اور آپریشنل کارکردگی کے باعث صوبے کی ایلیٹ فورسز میں شامل کرنے کی تجویز زیر غور ہے اور انہیں اے ٹی ایف یا بلوچستان کانسٹیبلری میں ضم کیا جا سکتا ہے حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ موجودہ پالیسی پر مکمل عملدرآمد کے ساتھ صوبے میں سیکیورٹی کا پورا ڈھانچہ یکجا ہوجائے گا اور لیویز کا نظام مکمل طور پر ختم ہوکر پولیس کا متحد صوبائی سیٹ اپ قائم ہوجائے گا۔

# پولیس صوبے میں امن کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، محمد طاہر

## جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے جرائم کی روک تھام کے لئے موثر اقدامات کرنا ہوں گے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبے میں امن وامان کی فضاء کو قائم رکھنے کے لئے بلوچستان پولیس دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے سینٹرل پولیس آفس میں صوبے کے تمام رینجز کے پولیس افسران سے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں افسران نے آئی جی پولیس بلوچستان کو امن و امان کی صورتحال اور دیگر سیکیورٹی انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پولیس جاوید علی مہر، ایڈیشنل آئی جی پولیس سی ٹی ڈی آغا محمد یوسف، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹر محسن اسد علوی، ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گورایا، ڈی آئی جی اسپیشل برانچ بلوچستان طاہر علاؤالدین کاسی، ڈی آئی جی کرائمز برانچ بلوچستان ڈاکٹر فرحان زاہد اور اے آئی جی آپریشنز نوید عالم بھی موجود تھے۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے علاقوں میں سیکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر کریں اور ہر ممکن طریقے سے عوام کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس فورس کو جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے جرائم کی روک تھام کے لئے موثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے مزید کہا کہ امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے تمام پولیس افسران کو اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے نبھانی ہوں گی اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

# بلوچستان کے نوجوانوں اور عوام کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، سیدال ناصر

## پی ایم میں بلوچستان کیلئے کوٹے میں 20 فیصد اضافے سے صوبے کے صحت کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی، گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان ملک کا اہم صوبہ ہے جہاں سہولیات محدود ہیں اس لیے وہاں کے نوجوانوں اور عوام کے لیے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا ان کی ترجیح ہے۔ یہ بات انہوں نے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے صدر پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، جنہوں نے ان سے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک میں طبی تعلیم، بلوچستان کے میڈیکل طلبا کے لیے مواقع میں اضافہ اور اسلام آباد کے اسپتالوں میں ہاؤس جاب کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو بتایا کہ بلوچستان میں میڈیکل کی تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کو دیگر صوبوں کے مقابلے میں زیادہ چیلنجز درپیش ہیں۔ انہوں نے سفارش کی کہ وزیراعظم پاکستان سے رابطہ کرتے ہوئے بلوچستان بھر کے سرکاری میڈیکل کالجوں میں ایم بی بی ایس کی نشستوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے تاکہ وہاں کے زیادہ سے زیادہ طلبہ میڈیکل تعلیم حاصل کرسکیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ اسلام آباد میں ہاؤس جاب کے لیے آنے والے بلوچستان کے ایم بی بی ایس ڈاکٹروں کے لیے پمز، پولی کلینک اور دیگر سرکاری اسپتالوں میں کم از کم 20 فیصد کوٹہ میں اضافہ کیا جائے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے پی ایم ڈی سی کے صدر کی سفارشات کا خیر مقدم کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ وہ اس سلسلے میں وزیراعظم پاکستان سے بات کریں گے۔

# کوہلو: میوند بریگیڈ کے زیر اہتمام تقریب، معذور افراد میں سامان تقسیم

## جسمانی معذوری کسی شخص کی قابلیت کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنتی، کرنل محمد فاروق اشرف

کوہلو (نامہ نگار) معذروں کے عالمی دن کی مناسبت سے میوند بریگیڈ کے ضلعی ہیڈکوارٹر میں تقریب ہوئی جس میں معذور افراد میں وہیل چیئرز، راشن بیگز اور گرم ملبوسات تقسیم کیے گئے مہمان خصوصی کمانڈنٹ میوند بریگیڈ کرنل محمد فاروق اشرف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جسمانی معذوری کسی شخص کی قابلیت کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنتی بلکہ اصل معذور وہ ہیں جو حالات سے گھبرا کر ہمت ہار بیٹھیں انہوں نے کہا کہ میوند بریگیڈ ہمیشہ کی طرح اس سال بھی معذور افراد کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کرتی رہے گی ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ نے تقریب سے خطاب میں معذور افراد کے ضلعی دفتر کی تعمیر و مرمت کے لیے خصوصی فنڈز کے اجرا کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ معذور افراد ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے تقریب میں عسکری قیادت کے نمائندگان جن میں کرنل محمد طٰہٰ علی بھی شامل تھے نے شرکت کی اور معذور افراد میں امدادی سامان تقسیم کیا۔

# ڈی جی ایف آئی اے کا زونل آفس کا دورہ، انتظامی و تفتیشی امور کا جائزہ

## انسانی سمگلنگ اور حوالہ ہنڈی کے ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے، رفعت مختار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے رفعت مختار نے کہا ہے کہ انسانی سمگلنگ اور حوالہ ہنڈی میں ملوث منظم گروہوں بجلی چوری اور ملکی معیشت کو نقصان پہنچانے میں ملوث ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایف آئی اے زونل آفس بلوچستان کے دورے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے انتظامی اور تفتیشی امور کا جائزہ لیا ڈائریکٹر بلوچستان زون بہرام خان نے بلوچستان زون کی مجموعی کارکردگی اور جاری کارروائیوں کے حوالے سے بریفنگ دی انہوں نے بتایا کہ رواں سال حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث عناصر کے خلاف 89 مقدمات درج اور 112 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ملزمان سے 45730 امریکی ڈالر 190 ملین روپے سے زائد مالیت کی غیر ملکی کرنسی اور 4 کروڑ 67 لاکھ پاکستانی روپے برآمد کیے گئے بجلی چوری میں ملوث ملزمان 5 کروڑ 67 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی انسانی سمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف 409 مقدمات درج کیے گئے، غیر قانونی بارڈر پار کرنے میں ملوث 3567 ملزمان کو گرفتار کیا گیا 39 انسانی سمگلروں کو بھی گرفتار کیا گیا ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار نے منظم جرائم کے خلاف بلوچستان زون کی کارکردگی کو سراہا اور بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران کے لئے تعریفی سرٹیفکیٹ کا بھی اعلان کیا انہوں نے کہا کہ انسانی سمگلنگ اور حوالہ ہنڈی میں ملوث منظم گروہوں کے خلاف سخت کارروائی اور موثر کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے بجلی چوری اور ملکی معیشت کو نقصان پہنچانے میں ملوث ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے انہوں نے بلوچستان زون کی عملی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لئے پلان طلب کر لیا اور بلوچستان زون میں لاجسٹک سہولیات کی بہتری کے لئے بھی جامع رپورٹ طلب کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

مت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. ٢ Dated: 13 DEC 2025 Page No. 1

# سی پیک فیز ٹو میگا منصوبے اقتصادی تبدیلی کو تیز اور صوبے کو مرکزی ستون بنا دینگے

## توانائی کی پیداوار، صنعتی زونز اور کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں نمایاں پیشرفت، نمایاں کامیابی میں چائنہ حب کول پاور پلانٹ کی تکمیل

## ایسٹ بے ایکسپریس وے فیز ون مکمل، آنیوالے میگا منصوبوں میں کوئٹہ ماس ٹرانزٹ پروجیکٹ اور گوادر پورٹ کے بنیادی ڈھانچے کی توسیع شامل

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کا ترقیاتی منظر نامہ چین پاکستان اقتصادی راہداری سی پیک کے تحت بڑی تبدیلی کا مشاہدہ کر رہا ہے جس میں توانائی کی پیداوار، سڑکوں کی کنیکٹیویٹی، صنعتی زونز اور کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں نمایاں پیشرفت ہو رہی ہے۔ گوادر پورٹ کے مطابق متعدد بڑے پیمانے پر منصوبے جو کہ گرانٹس، بلڈ آپریٹ ٹرانسفر ماڈلز، پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام فنڈنگ اور چینی سرمایہ کاری کے ذریعے فنڈ کئے گئے ہیں مکمل ہو چکے ہیں یا تیز رفتار سے ترقی کر رہے ہیں، جس سے سی پیک کی اہمیت علاقائی ترقی کے محرک کے طور پر مزید مستحکم ہوئی ہے۔ توانائی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

کے شعبے میں نمایاں کامیابیوں میں 1,320 میگاواٹ چائنہ حب کول پاور پلانٹ کی کامیاب تکمیل شامل ہے جو 1.9 ارب امریکی ڈالر کا آزاد پاور پروڈیوسر منصوبہ ہے اور قومی گرڈ کو ضروری بجلی فراہم کر رہا ہے۔ اس کے ساتھ 300 میگاواٹ گوادر کول پاور منصوبہ بھی جاری ہے جس کی لاگت 542 ملین امریکی ڈالر ہے اور یہ گوادر اور اس کے گرد و نواح کے لئے بجلی کی فراہمی کو مستحکم کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ صوبے بھر میں مکمل ہونے والے منصوبوں میں ایسٹ بے ایکسپریس وے فیز I (179 ملین امریکی ڈالر) شامل ہے جو گوادر پورٹ کی کنیکٹیویٹی کو بہتر بناتا ہے، خضدار بسیمہ روڈ (110 کلومیٹر) جس کی قیمت 118 ملین امریکی ڈالر ہے، نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ (230 ملین امریکی ڈالر کا چینی گرانٹ) اور گوادر پورٹ فری زون (300 ملین امریکی ڈالر کی ابتدائی سرمایہ کاری) شامل ہیں، جس سے پاکستان کی سمندری تجارت کی صلاحیتوں میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ گوادر پورٹ کے مطابق سماجی و اقتصادی فلاح و بہبود سی پیک کی ترقیاتی حکمت عملی کا مرکزی جزو ہے۔ مکمل ہونے والے گرانٹ پر مبنی منصوبوں میں گوادر اسمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان (4 ملین امریکی ڈالر)، تازہ پانی کی فراہمی اور علاج کے منصوبے (130 ملین امریکی ڈالر)، پاک چین فرینڈشپ ہسپتال (100 ملین امریکی ڈالر)، ٹیکنیکل اور ووکیشنل انسٹیٹیوٹ گوادر (10 ملین امریکی ڈالر)، 1.2 ایم جی ڈی گوادر ڈی سیلینیشن پلانٹ (13.97 ملین امریکی ڈالر) اور کم ترقی یافتہ علاقوں کے لیے 15,000 سولر لائٹنگ یونٹس کی فراہمی شامل ہیں۔ زیر تعمیر کنیکٹیویٹی کے منصوبے جو بلوچستان کی اقتصادی صلاحیت کو کھولنے کیلئے ضروری ہیں ان میں آواران جھل روڈ (168 کلومیٹر)، جس کی لاگت 107 ملین امریکی ڈالر ہے، ہوشاب آواران سیکشن M-8 (146 کلومیٹر)، جس کی لاگت 161 ملین امریکی ڈالر ہے اور ژوب کوئٹہ روڈ (298 کلومیٹر)، جس کی لاگت 391 ملین امریکی ڈالر ہے۔ اس کے علاوہ گوادر فری زون فیز II پر کام جاری ہے، جس میں 285 ملین امریکی ڈالر کی BOT سرمایہ کاری کی توقع ہے۔ صنعتی ترقی بوستان اسپیشل اکنامک زون کے ذریعے ہو رہی ہے، جس میں 9 ملین امریکی ڈالر کی PSDP فنڈنگ فراہم کی گئی ہے جبکہ بڑے پیمانے پر سماجی منصوبوں میں ایک بن سینٹر اور 36,000

# ترقیاتی منصوبوں کا معیار اور رفتار تسلی بخش ہے، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ

## عوام کی سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے کام مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے، مجیب الرحمن قمبرانی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمن قمبرانی نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے تحت گرانٹ ان ایڈ فنڈ سے مکمل اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ ایڈمنسٹریٹر نے مساجد کی تزئین و آرائش، ٹف ٹائلنگ، سریاب روڈ پر گلیوں کی بلیک ٹاپ کارپٹنگ، اور شہر کے مختلف مقامات پر اسٹریٹ لائٹس کا جائزہ لیا۔ انہوں نے جاری منصوبوں کے معیار، رفتار اور کام کی تکمیل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مزید بہتری کی ہدایات جاری کیں۔ ایڈمنسٹریٹر

بقیہ نمبر 16 صفحہ 5 پر

نے متعلقہ افسران اور کنٹریکٹرز کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں میں معیاری میٹریل کا استعمال یقینی بنایا جائے اور مقررہ وقت کے اندر عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے کام مکمل کیا جائے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ شہر میں ترقیاتی سرگرمیوں کے معیار کو بہتر کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

# محکمہ صحت میں مالی بے ضابطگی، ڈی جی ہیلتھ سروسز سے تفصیلات طلب

## نیب بلوچستان کا خریداری کی گئی مشینری میں مبینہ بے ضابطگیوں اور ملوث افسران و اہلکاروں کیخلاف تحقیقات کا آغاز

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیب بلوچستان نے محکمہ صحت میں ہونے والی مالی بے ضابطگیوں کی تحقیقات کا آغاز کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز سے تفصیلات طلب کر لیں۔ نیب ذرائع کے مطابق محکمہ انسداد پولیو نے مالی سال 2024-25 میں خریدی گئی مشینری

بقیہ نمبر 70 صفحہ 5 پر

میں مبینہ بے ضابطگیوں اور اس میں ملوث افسران و اہلکاروں کے خلاف تحقیقات کا آغاز کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان سے [illegible] ہسپتال کیلئے خریدی گئی مشینری اور آلات، [illegible] ہسپتالوں کے لئے خریدے گئے [illegible] کی تفصیلات طلب کی ہے۔ نیب ذرائع کے مطابق مشینری اور آلات کی خریداری میں بڑے پیمانے پر مالی بے ضابطگیوں کی شکایات سامنے آئی ہیں جس میں محکمے کے افسران و اہلکار ملوث ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 13 DEC 2025 Page No. 18

# موسیٰ خیل کے علاقے چینہ خوندی میں ہیضہ کی وبا سے 6 بچوں سمیت 8 افراد جاں بحق

سرکاری سکول عارضی ہسپتال میں تبدیل

**صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ ضلعی انتظامیہ اور ڈائریکٹر جنرل صحت کی جانب سے فوری طور پر متاثرہ علاقے میں میڈیکل ٹیمیں اور ادویات روانہ کر دی گئیں**

**ہیضہ کی وبا سے 13 بچوں سمیت 14 افراد جاں بحق ہوئے ادویات کی کمی اور مقامی انتظامیہ کے غیر سنجیدہ رویے سے حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں، علاقہ مکین**

**علاقہ دور افتادہ ہونے کے باوجود محکمہ صحت کی ٹیمیں مسلسل نگرانی کر رہی ہیں، وبا پر قابو پانے کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے ہیں، ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالغفار کھیتران**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالغفار کھیتران نے کہا ہے کہ بلوچستان کے علاقے موسیٰ خیل چینہ خوندی میں ہیضہ کی وبا پھیلنے سے 6 بچوں سمیت 8 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ ضلعی انتظامیہ ڈائریکٹر جنرل صحت کی جانب سے متاثرہ علاقے میں میڈیکل ٹیمیں اور ادویات روانہ کر دی گئیں ہیں اور فوری طور پر صورتحال پر قابو پانے کیلئے سرکاری سکول کو عارضی طور کیلئے ہسپتال کیلئے تبدیل کیا گیا ہے اور بروقت اقدامات سے ہیضہ کی صورتحال اب قابو میں ہے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے متاثرہ مریضوں کو علاج کی سہولیات فراہم کر رہے ہیں جبکہ ایک مریض کی حالت نازک ہونے پر اسے تقریباً 60 ڈرپ لگانی پڑیں جس کے بعد اس کی صحت میں بہتری آئی ہے عبدالغفار کھیتران نے مزید کہا کہ چینہ خوندی علاقہ دور افتادہ ہونے کے باوجود محکمہ صحت کی ٹیمیں مسلسل نگرانی کر رہی ہیں اور مریضوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جا رہی ہے انہوں نے یقین دلایا کہ صورتحال پر مکمل نظر رکھی ہوئی ہے اور اس وبا پر قابو پانے کے لیے تمام انتظامات مکمل ہیں صوبائی حکومت محکمہ صحت اور مقامی انتظامیہ آپس میں رابطہ میں ہے اور مریضوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں جبکہ علاقہ مکین گل نصیب کا دعویٰ ہے کہ ادویات کا فقدان اور مقامی انتظامیہ کی خاموشی غیر سنجیدہ رویے سے حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں انہوں نے دعویٰ کیا کہ مذکورہ علاقے میں ہیضہ کی وبا......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سے 13 بچوں سمیت 14 افراد جاں بحق ہوئے ہیں جبکہ ڈی ایچ او کا کہنا ہے کہ ہیضہ کی وبا پھیلنے سے 6 بچوں سمیت 8 افراد جاں بحق ہوئے ہیں متاثرہ علاقے میں میڈیکل ٹیمیں اور ادویات پہنچا دی گئی ہیں۔

# بلدیاتی انتخابات تیاریاں مکمل، کوئٹہ میں انتخابی گہما گہمی عروج پر

**شہر چار ٹاؤنز زرغون، چلتن، سریاب اور تکتو میں تقسیم، 172 یونین کونسلز کے 642 وارڈز پر 2 ہزار 433 امیدوار میدان میں**

**تکتو ٹاؤن میں ایک نشست پر 19 امیدوار مدمقابل، حساس پولنگ اسٹیشنز پر کیمرے نصب، فوج و ایف سی تعینات کی جائیگی**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں طویل انتظار کے بعد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد 28 دسمبر 2025 کو ہو گا، الیکشن کمیشن بلوچستان نے تیاریاں مکمل کر لی ہیں جبکہ شہر بھر ..........

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

میں انتخابی گہما گہمی عروج پر پہنچ چکی۔ ذرائع کے مطابق کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے 172 یونین کونسلز کے کل 642 وارڈز پر مجموعی طور پر 2 ہزار 433 امیدوار جنرل کونسلر کے عہدے کیلئے میدان میں ہیں۔ شہر کو انتظامی سہولت کے لئے چار ٹاؤنز زرغون، چلتن، سریاب اور تکتو میں تقسیم کیا گیا ہے۔ زرغون ٹاؤن میں 46 جنرل نشستوں پر 730 امیدوار مدمقابل ہوں گے، چلتن ٹاؤن میں 64 جنرل نشستوں پر 500 امیدوار، سریاب ٹاؤن میں 38 جنرل نشستوں پر 339 امیدوار جبکہ تکتو ٹاؤن میں 42 جنرل نشستوں پر 804 امیدوار کے درمیان سخت مقابلہ ہو گا۔ سب سے زیادہ مقابلہ تکتو ٹاؤن میں دیکھنے میں آ رہا ہے جہاں ایک نشست کیلئے اوسطاً 19 امیدوار مدمقابل ہیں جبکہ زرغون ٹاؤن میں بھی سخت مقابلہ متوقع ہے۔ الیکشن کمیشن نے بتایا کہ پولنگ کے دن شہر بھر میں 642 پولنگ اسٹیشنز اور 2 ہزار 113 پولنگ بوتھ قائم کیے جائیں گے۔ حساس پولنگ اسٹیشنز پر سی سی ٹی وی کیمرے اور فوج و ایف سی کی اضافی نفری تعینات کی جائے گی۔

## سبزل روڈ کی توڑ پھوڑ سے متعلق خبریں بے بنیاد ہیں، ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر

کوئٹہ (آن لائن) سی پیک سبزل روڈ کی توڑ پھوڑ سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی تمام خبریں بے بنیاد ہیں۔ ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر چیف منسٹر پیکیج کوئٹہ ڈویلپمنٹ، عابد محمود کے مطابق منصوبے پر کام مقررہ منصوبہ بندی کے تحت جاری ہے اور کسی قسم کی غیر ضروری کھدائی یا توڑ پھوڑ نہیں کی گئی بلکہ یہاں پر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت فلائی اوور بننے جا رہا ہے انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ بے بنیاد خبروں پر یقین کرنے کی بجائے مستند ذرائع سے تصدیق کریں۔

## بلوچستان کے سرد علاقوں کے اسکولوں میں تعطیلات کا نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان نے صوبے کے سرد علاقوں میں 16 دسمبر سے تعطیلات کا اعلان کر دیا۔ یہاں جاری ہونے والے حکومت بلوچستان .......

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان کے سرد علاقوں کے سرکاری اور پرائیویٹ اسکول میں تعطیلات 16 دسمبر 2025 سے 28 فروری 2026 تک ہوں گی جبکہ گرم علاقوں کے اسکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات 22 دسمبر سے 4 جنوری 2026 تک ہوں گی۔

## عوام کی فوری مدد اور بحالی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈی سی بارکھان

**اوچڑی میں ایک گھر جل کر خاکستر ہوا، ضلعی انتظامیہ نے فوری طور پر امداد پہنچائی**

بارکھان (آن لائن) گزشتہ رات ضلع بارکھان کے علاقے اوچڑی میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں جلال خان چھلیانی کے گھر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ آگ نے چند ہی لمحوں میں گھر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جس کے باعث قیمتی گھریلو سامان جل کر خاکستر ہو گیا اور متاثرہ خاندان کو بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسہ نے فوری کارروائی کا حکم دیا اور مقامی لیویز انچارج طاہر خان کی سربراہی میں ٹیم کو جائے وقوعہ روانہ کیا۔ لیویز ٹیم نے موقع پر پہنچ کر گھر کا معائنہ کیا اور انتظامیہ کی جانب سے فراہم کردہ ضروری

## سندھ و بلوچستان کو 17 گھنٹے مسلسل گیس فراہمی کی ہدایت

**لاپرواہی پر زونل ہیڈ کیخلاف کارروائی ہو گی، پریشر کا مسئلہ حل کیا جائے، ڈی جی**

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ اور بلوچستان میں موسم سرما کے دوران گیس فراہمی یقینی بنانے کے اقدامات جاری ہیں۔ سوئی سدرن کے مطابق ڈی جی گیس کی جانب ......

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سے سندھ اور بلوچستان میں صبح 5 تا رات 10 بجے تک گیس فراہمی کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ سوئی سدرن کا کہنا ہے کہ کم پریشر والے علاقوں کو روز صبح بریفنگ میں واضح کیا جائے کہ کم گیس پریشر کا مسئلہ حل کیا جائے۔ سوئی سدرن کے مطابق لاپرواہی کی صورت میں زونل ہیڈ کے خلاف ایکشن ہو گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 13 DEC 2025 Page No. 18

# …بردار، ختم گوادر فری زونز میں قائم کمپنیوں کو چینی کرنسی پاکستانی روپے میں تبدیل کرانے کی اجازت

**گوادر فری زونز کو فارن ایکسچینج پالیسی فریم ورک سے استثنیٰ دے دیا، چینی اور دیگر ممالک کی کمپنیاں اسپیشل فارن کرنسی اکاؤنٹس کے ذریعے غیر ملکی کرنسی کی 50 فیصد کمائی تجارتی ادائیگیوں اور ترسیلات کیلئے محفوظ رکھ سکیں گی**

**…کی اعلیٰ سطح میٹنگ میں فیصلہ، مرکزی بینک، ایف بی آر، چائنا پورٹس کمپنی، گوادر پورٹ اتھارٹی اور محکمہ خزانہ کے نمائندوں کی شرکت، گوادر فری زونز کیلئے جامع ایکٹ لانے کی تجویز، ایک ہفتے میں پیش کرنے کی ہدایت**

…سٹیٹ بینک آف پاکستان …گوادر فری زونز کو فارن ایکسچینج پالیسی فریم ورک (ایف ای پی ایف) سے استثنیٰ دے دیا ہے، جو ایک اہم قدم ہے جس سے گوادر ساؤتھ فری زون اور گوادر نارتھ فری زون میں کام کرنے والی تمام کمپنیاں براہ راست آر ایم بی (چینی کرنسی) کو پاکستانی روپے میں تبدیل کر سکیں گی، اور اس طرح ڈالر کے کرنسی کے کردار کو ایک بار کے لئے ختم کر دیا جائے گا۔ گوادر پرو کے مطابق گوادر فری زونز کے آپریشنل ہونے کے بعد 2023 میں، کمپنیوں کو آر ایم بی کرنسی اکاؤنٹ چلانے اور آر ایم بی کرنسی رکھنے کی اجازت نہیں تھی۔ پچھلے قوانین کے مطابق، انہیں

بقیہ نمبر 79 صفحہ 5 پر

غیر ملکی کمپنیاں دونوں گوادر فری زونز میں ایف ای پی ایف سے مستثنیٰ کر دی گئی ہیں اور وہ اسپیشل فارن کرنسی اکاؤنٹس (ایس ایف سی اے) کے ذریعے غیر ملکی کرنسی کی 50 فیصد کمائی کو تجارت کی ادائیگیوں اور ترسیلات کے لیے محفوظ رکھ سکیں گی۔ میٹنگ میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان، فیڈرل بورڈ آف ریونیو، چائنا اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی، گوادر پورٹ اتھارٹی اور فنانس ڈویژن کے سینئر نمائندوں نے شرکت کی۔ اس سال جون میں وفاقی حکومت نے گوادر فری زون کمپنی (جی ایف زیڈ سی) کو اسپیشل فارن کرنسی اکاؤنٹس (ایس ایف سی اے) میں 50 فیصد ریٹینشن کی تجویز دی تھی۔ جی ایف زیڈ سی نے اس تجویز کو ایک عارضی حل کے طور پر قبول کیا تھا۔ گوادر پرو کے مطابق کمپنی نے اس پالیسی میں تبدیلی کی دیگر ممکنہ تدابیر کی تلاش کی تاکہ اس ریٹینشن کو 50 فیصد سے بڑھا کر 100 فیصد کیا جا سکے تاکہ اسے ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز (ایس ای زیڈز) کے ہم پلہ بنایا جا سکے۔ کمپنی نے گوادر فری زون کے لیے ایک جامع ایکٹ کی تجویز بھی پیش کی تاکہ تمام ضوابط، مراعات اور استثنیات کو ایس ای زیڈ ایکٹ 2012 کے مطابق شامل کیا جا سکے۔ وفاقی حکومت نے پہلے ہی 2022 میں جی ایف زیڈ ٹیکس رولز جاری کر دیے ہیں، تاہم ان رولز میں فارن ایکسچینج ریگولیشنز ایکٹ 1947 سے استثنیات شامل نہیں ہیں۔ کمیٹی نے طویل المدتی حل ایک ہفتے کے اندر پیش کرنے کا کہا ہے۔ اس دوران، جی ایف زیڈ سی ایف ای آر اے 1947 میں مخصوص میکانزم کی نشاندہی کرنے کے لیے قانونی مشاورت کرے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 13 DEC 2025 Page No. 2


# قائداعظم ریذیڈنسی زیارت میں کھلی کچہری کا انعقاد

## بڑی تعداد میں عوام نے اپنے مسائل کے حوالے سے درخواستیں پیش کیں

زیارت (خ ن) ڈسٹرکٹ انتظامیہ زیارت اور ایف سی کے زیر اہتمام عوام کے مسائل کے حل کے لیے قائداعظم ریذیڈنسی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ، بریگیڈیئر نعمان ، کرنل ذیشان، میجر عامر، ڈسٹرکٹ پولیس افسر ایاز موسیٰ خیل، سردار قاسم خان سارنگزئی ڈسٹرکٹ افسران اضلع زیارت کے قبائلی عمائدین اور بڑی تعداد کے مختلف مکاتب فکر کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر بڑی تعداد میں عوام نے اپنے مسائل کے حل کے لیے درخواستیں پیش کیں اور پی ایس ڈی آئی کی فیز ٹو سکیمات کے حوالے سے تجاویز پیش کیں ڈپٹی کمشنر زیارت محمد ریاض خان داوڑ نے کہا کہ عوام نے پی ایس ڈی آئی سکیمات کے فیز ٹو کے حوالے سے جو تجاویز پیش کی ہیں ان کا خیر مقدم کرتے ہیں ان کے اچھے تجاویز پر غور کیا جائے گا اور پی ایس ڈی آئی اسکیمات کو صاف اور شفاف انداز میں مکمل کیا جائے گا عوامی مسائل کو سن کر حل کریں گے عوام نے کھلی کچہری میں جو مسائل بیان کئے ہیں اور جو ڈسٹرکٹ انتظامیہ سے تعلق رکھتے ہیں ان کو فوری طور پر حل کریں گے اور جو ہائر اتھارٹیز سے تعلق رکھتے ہیں ان مسائل کو حل کرنے کے لیے ہائر اتھارٹیز کو لکھا جائے گا، انہوں نے کہا عوامی مفادات کا تحفظ کریں گے عوام کو روزمرہ زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ تعلیم صحت اور زندگی کی تمام شعبہ جات کی فعالیت کے لیے بھرپور اقدامات کئے جارہے ہیں ضلع زیارت میں امن وامان کے قیام پر کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں، انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کا اصل مقصد عوام کے مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily INTEKHAB QUETTA
Bullet No. 2
Dated: 13 DEC 2025
Page No. 21

# بلوچستان میں 10 ماحولیاتی ٹیسٹنگ لیبارٹریز قائم کرنے کا فیصلہ

نئی لیبارٹریز ہوا، پانی اور صنعتی آلودگیوں کی نگرانی میں اہم کردار ادا کریں گی، ماحولیاتی قوانین اور آلودگی پر قابو پانے کی پالیسیوں کے زیادہ موثر نفاذ کو ممکن بنائیں گی۔ ایجنسی نے پہلے ہی صوبے میں ماحولیاتی انحطاط کو روکنے کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں، ویلتھ پاکستان کی رپورٹ

اسلام آباد (آئی این پی) بلوچستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی نے فضائی معیار کی نگرانی اور ماحولیاتی تحفظ کو مضبوط بنانے کے لیے اپنی وسیع حکمت عملی کے تحت صوبے کے مختلف اضلاع میں 10 ماحولیاتی ٹیسٹنگ لیبارٹریز کے قیام کے منصوبے کی نقاب کشائی کی ہے۔ ویلتھ پاکستان کے پاس دستیاب دستاویزات کے مطابق یہ اقدام بلوچستان کے تمام 36 اضلاع میں اے آئی سے چلنے والے ایئر کوالٹی انڈیکس کو متعارف کرانے کے ایک بڑے پروگرام کا حصہ ہے۔ نئی لیبارٹریز ہوا، پانی اور صنعتی آلودگیوں کی نگرانی میں اہم کردار ادا کریں گی، ماحولیاتی قوانین اور آلودگی پر قابو پانے کی پالیسیوں کے زیادہ موثر نفاذ کو ممکن بنائیں گی۔ ایجنسی نے پہلے ہی صوبے میں ماحولیاتی انحطاط کو روکنے کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں۔ کلیدی کامیابیوں میں 38 کرومائٹ گرائنڈنگ ملز کو گنجان آباد علاقوں سے نامزد صنعتی زونز میں منتقل کرنا اور گرین ہاس گیسوں کے اخراج کو کنٹرول کرنے کے لیے سٹیل مینوفیکچرنگ یونٹس میں اسکربرز کی تنصیب شامل ہے۔ اس کے علاوہ کٹے ہوئے ٹائروں کی درآمد پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے جبکہ پائرولیسز پلانٹس کا آپریشن 22 اکتوبر 2025 تک بند ہونا ہے۔ ادارے نے بھی اپنی توجہ نقل و حمل کے شعبے کی طرف موڑ دی ہے۔ شہر میں گاڑیوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے کوئٹہ کے سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ میں روایتی موٹر رکشوں کو تبدیل کرنے کے لیے 45 الیکٹرک گاڑیوں کی خریداری کی تجویز زیر غور ہے۔ ایجنسی آنے والے مہینوں میں گاڑیوں کے اخراج کی جانچ اور فضائی آلودگی پر قابو پانے کے دیگر اقدامات کو جاری رکھنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ 2025 کے آخر تک جیسا کہ بڑھتے ہوئے ماحولیاتی اقدامات سے ہوا کے معیار اور ماحولیاتی صحت میں واضح بہتری کی توقع ہے جس سے بلوچستان کو پاکستان میں ماحولیاتی نظم و نسق کے لیے ایک مضبوط ماڈل کے طور پر جگہ ملے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 13 DEC 2025 Page No. 22

# تعلیم ترقی کیلئے ضروری، دنیا میں آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے

طلبہ محنت و لگن کے ساتھ علم حاصل کرنے پر توجہ مرکوز رکھیں، ایم پی اے کا دیہی علاقوں میں سکولوں کا دورہ، اساتذہ سے گفتگو

امیر جماعت اسلامی کا فشریز ڈیپارٹمنٹ کا بھی دورہ، ملازمین کی غیر حاضری پر برہم، طوفان سے متاثرہ کشتیوں کے ازالے سے متعلق بات چیت

کوئٹہ (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا گوادر میں فشریز اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا دورہ، ملازمین کی حاضری و ٹرالنگ کی روک تھام، دیہی علاقوں میں اسکول کی تعمیر و اساتذہ کی حاضری پر گفتگو، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے شریف میاہ داد، وسیم صمد اور نوید محمد کے ہمراہ فشریز ڈیپارٹمنٹ کے دفتر کا دورہ کیا جہاں اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز شاہ فہد اور ڈائریکٹر احمد ندیم سے ملاقات کی دورے میں اسٹاف کی حاضری چیک کی گئی جہاں آدھے ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

سے زیادہ ملازمین غیر حاضر تھے جس پر ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کو حاضر کرنے کی ہدایت کی ملاقات میں ٹرالنگ کی روک تھام کے حوالے سے بھی اقدامات پر زور دیا گیا اور طوفان سے متاثرہ کشتیوں کے ازالے سے متعلق بات چیت کی گئی امیر جماعت اسلامی بلوچستان پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ایجوکیشن آفس کا بھی دورہ کیا جہاں ضلعی تعلیمی افسر زاہد حسین سمیت دیگر افسران سے ملاقات کی ملاقات میں سب تحصیل سنٹر کے علاقوں ڈھنک، لوڈ گیک آپ اور دیگر علاقوں میں اسکول کھولنے اور صادق بازار اور حمل بازار سمیت مختلف علاقوں میں اساتذہ کو حاضر کرنے اور اساتذہ کی کمی پوری کرنے سے متعلق گفتگو کی گئی اس سے قبل مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے جیوانی سنٹ سر کے دورے کے دوران مختلف اسکولوں کا دورہ کر کے تعلیمی صورتحال، اساتذہ کی حاضری طلباء کی جاری تعلیم کا جائزہ لیا

# بلدیاتی ادارے مسائل کے حل میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، پشتونخوا نیپ

وزراء اور ایم پی ایز کی جانب سے انتخابی عمل میں مداخلت کی اطلاعات عوام میں بے چینی کا باعث بن رہی ہیں، نصر اللہ خان زیرے

شفاف انتخابات کا انعقاد الیکشن کمیشن کی اولین آئینی ذمہ داری ہے دھاندلی ہمیں نہ عوام کو قبول ہے، انتخابی جرگوں سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری رحمت اللہ صابر، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز عبدالرزاق بڑیچ اور باز پشتون نے نواں کلی علاقائی کمیٹی، شالدرہ کلی درانی میں انتخابی دفتر کے افتتاح اور مسلم اتحاد کالونی میں منعقدہ انتخابی عوامی جرگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی ادارے عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں بلدیاتی نظام جتنا مضبوط ہوگا، عوامی مسائل اتنی ہی تیزی سے حل ہوں گے مقررین نے کہا کہ موجودہ حالات میں بعض وزراء......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

اور ایم پی ایز کی جانب سے سرکاری وسائل کے بے دریغ استعمال، سرکاری مشینری کے اثر و رسوخ اور انتخابی عمل میں مداخلت کی اطلاعات عوام میں شدید بے چینی کا باعث بن رہی ہیں انہوں نے الیکشن کمیشن آف پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کرے جو بلدیاتی انتخابات کے شفاف، غیر جانبدار اور منصفانہ انعقاد میں رکاوٹ بن رہے ہیں، اور وزراء و ایم پی ایز کو سرکاری وسائل کے استعمال سے سختی سے روکا جائے اجتماعات سے ضلع معاون سیکرٹری باچا خان کاکڑ، حاجی عبدالسلام بڑیچ، غنی مہمند، ڈاکٹر حیات بڑیچ، حاجی فدا گل، عبدالرزاق صدیقی اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا مقررین نے کہا کہ آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات کا انعقاد الیکشن کمیشن کی اولین آئینی ذمہ داری ہے انتخابات میں کسی قسم کی جانب داری، مداخلت یا دھاندلی عوامی اعتماد مجروح کرنے کے مترادف ہے مقررین نے خبردار کیا کہ اگر بلدیاتی انتخابات کو شفافیت اور غیر جانبداری سے محروم رکھا گیا تو عوام اپنے جمہوری حق کے تحفظ کیلئے پُرامن مگر بھرپور احتجاج پر مجبور ہوں گے انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی عوامی طاقت پر یقین رکھتی ہے اور کسی بھی صورت میں غیر جمہوری رویوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

INTEKHAB QUETTA

# بی این پی بلوچستان کا حقیقی مقدمہ لڑ رہی ہے، شمولیت مفادات سے بالاتر ہے

سعید فیض ایڈووکیٹ

سیاسی ساتھیوں، کارکنوں اور مختلف طبقہ فکر کے افراد کے ہمراہ شمولیت کسی دباؤ کا نتیجہ نہیں، سینئر قانون دان

سردار اختر مینگل حقیقی قوم پرست رہنما، فیصلہ بلوچستان کے عوام اور روشن مستقبل کے عین مطابق ہے، گوادر میں پریس کانفرنس

گوادر (بیورو رپورٹ) صدر مکران ہائی کورٹ بار، سینئر قانون دان اور معروف سیاسی رہنما سعید فیض ایڈووکیٹ نے اپنے سیاسی ساتھیوں، کارکنوں، خواتین، نوجوانوں اور مختلف طبقہ ہائے فکر کے افراد کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس میں بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) میں شمولیت کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سعید فیض ایڈووکیٹ نے کہا کہ ان کا یہ فیصلہ کسی دباؤ یا مجبوری کا نتیجہ نہیں بلکہ بلوچستان، اس کے عوام اور صوبے کے روشن مستقبل کے تقاضوں کے عین مطابق ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سیاست میں نظریات، قیادت اور موقف کو بارہا آزمایا گیا، تاہم اس خطے بقیہ نمبر 38 صفحہ 5 پر

بقیہ نمبر 38 صفحہ 5 پر

کے عوام نے ہمیشہ اصولی، ثابت قدم اور حق گوئی پر مبنی سیاست کرنے والوں کو عزت دی ہے۔ انہوں نے سردار اختر جان مینگل کو ایک اصولی، باوقار اور حقیقی قوم پرست رہنما قرار دیتے ہوئے کہا کہ بی این پی وہ واحد پلیٹ فارم ہے جہاں سے بلوچستان کا مقدمہ مؤثر اور درست انداز میں لڑا جا سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بی این پی عوامی سے استعفیٰ دینے سے قبل ہی یہ طے کر لیا گیا تھا کہ آئندہ سیاسی سفر بھی قومی سوچ اور نظریاتی سیاست کے تسلسل میں ہی طے کیا جائے گا، اور اسی وجہ سے مختصر مدت میں بی این پی میں شمولیت کا فیصلہ کیا گیا۔ سعید فیض ایڈووکیٹ نے واضح کیا کہ وہ اکیلے بی این پی میں شامل نہیں ہوئے بلکہ ان کے ساتھ سیاسی کارکنوں، نوجوانوں، خواتین، بزرگ، ماہی گیر، مختلف برادریوں اور خاندانوں کی بڑی تعداد بھی اس جدوجہد کا حصہ بن رہی ہے، جس کا مقصد بلوچستان کو ایک بہتر، باوقار اور بااختیار مستقبل دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی این پی اس وقت مختلف مشکلات اور دباؤ کا سامنا کر رہی ہے مگر یہی وہ وقت ہے جب باشعور اور نظریاتی کارکنوں کو آگے بڑھ کر اس جماعت کو مضبوط بنانا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کی سیاست کا مرکز ہمیشہ بلوچستان اور بلوچ عوام رہے ہیں، وہ عوام جو محرومیوں، بے روزگاری اور وسائل پر قبضے جیسے مسائل کا شکار ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ بلوچستان کی محرومیوں کا خاتمہ ان کی جدوجہد کا بنیادی نکتہ ہے اور وہ اصولی سیاست پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ قوم پرست جماعتوں کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے اور متحدہ جدوجہد ہی بلوچستان کے مسائل کا مؤثر حل پیش کر سکتی ہے۔ سعید فیض ایڈووکیٹ نے بی این پی کے مرکزی، صوبائی اور ضلعی قیادت کو اپنے دیرینہ ساتھی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بی ایس او کے دور سے ان کے ساتھ نظریاتی سیاست کا سفر جاری رہا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ جلد پورے بلوچستان کا دورہ کیا جائے گا اور تمام نظریاتی ساتھیوں سے ملاقات کر کے انہیں بی این پی میں شمولیت کی دعوت دی جائے گی۔ آخر میں انہوں نے بی این پی کی قیادت اور رہنماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بالخصوص میر حمل کلمتی (سابق ایم پی اے)، ماجد سہرابی (ضلعی صدر بی این پی گوادر)، حمید حاجی، اور دیگر معززین کا ذکر کیا جنہوں نے اعتماد، رابطے اور خلوص کے ساتھ ان کی حوصلہ افزائی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہی سیاسی اخلاقیات اور ثقافت بی این پی کو دیگر جماعتوں سے ممتاز بناتی ہیں۔ اس موقع پر سابق ایم پی اے و بی این پی کے مرکزی رہنما میر حمل کلمتی، مرکزی ماہیگیر سیکریٹری حاجی خداداد واجو، ضلعی صدر ماجد سہرابی، محراب کچکی ایڈووکیٹ، حمید حاجی و کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 13 DEC 2025

Page No. 2


## بارکھان میں فائرنگ کے مختلف واقعات، 2افراد ہلاک

### رکھنی میں فائرنگ سے نوجوان قتل، دوسراواقعہ ہوائی فائرنگ سے پیش آیا

کوئٹہ(سٹی رپورٹر)بلوچستان کے علاقے بارکھان میں فائرنگ کے دو الگ واقعات میں 2نوجوان ہلاک ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز رکھنی میں نامعلوم......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

افراد نے فائرنگ کر کے ایک نوجوان کو قتل کر دیا جبکہ ایک دوسرے واقع میں بارکھان کے علاقے میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کے باعث اندھی گولی لگنے سے نوجوان جان کی بازی ہار گیا ج

## لورالائی پولیس کی کارروائی افیون کی کاشت تلف

لورالائی (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس لورالائی رینج جنید احمد شیخ کے احکامات اور ایس ایس پی لورالائی ملک محمد اصغر عثان کی ہدایت پر ایس ڈی پی او کریم مندوخیل کی زیر نگرانی تھانہ صادق علی شہید کے ایس ایچ او سب انسپکٹر محمد اکرم حمزازئی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کلی غزگی تک میں منشیات کے خلاف کامیاب کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران پولیس نے ایک ایکڑ پر کاشت کی گئی تاریاک (افیون) کی ممنوعہ فصل تلف کر دی، جب کہ فصل کی آبیاری میں استعمال ہونے والا بور بھی ناکارہ بنا دیا گیا موقع سے 22 عدد سولر پلیٹس بھی قبضے میں لے لی گئیں۔ پولیس حکام کے مطابق زمین کے مالک کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## بارکھان اور رکھنی میں فائرنگ کے واقعات 2نوجوان جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) بارکھان میں فائرنگ کے واقعات میں 2نوجوان جاں بحق ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز رکھنی میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک نوجوان کو قتل کر دیا جبکہ ایک دوسرے واقع میں بارکھان کے علاقے میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کے باعث ایک نوجوان ہلاک ہو گیا جس سے علاقے میں شدید بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

خوف وہراس پھیل گیا لاشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی: موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام شہریوں نے دو ڈاکو پکڑ لیے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ربیع کے علاقے میں ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی تاہم اہل علاقہ نے کوشش ناکام بناتے ہوئے 2ڈاکوؤں کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا پولیس نے ملزمان سے 2ٹی ٹی پسٹل اور ایک مسروقہ موٹر سائیکل بھی قبضے میں لے لی۔

## صحبت پور نامعلوم افراد نے کروڑوں روپے کی دھان کو آگ لگا دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور کے قریب دھان کی کروڑوں روپے کی فصل کو آگ لگا دی گئی پولیس کے مطابق صحبت پور کے قریب گوٹھ میر محمد رحیم کھوسو اور میر محمد وارث کھوسو میں نامعلوم افراد نے دھان کی فصل کو آگ لگا دی جس کے نتیجے میں کروڑوں روپے کے نقصان کا اندیشہ ہے۔

## چھی قومی شاہراہ نجی کے مقام پر ڈاکوؤں نے ڈاکٹر کی فیملی کو لوٹ لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) چھی کے علاقے پولیس تھانہ حاجی شہر کی حدود قومی شاہراہ نجی کے مقام پر ڈاکوؤں نے کوئٹہ سے بقیہ نمبر 37 صفحہ 5 پر

مندرانی گاؤں آنے والی ڈاکٹر گل بیگ مندرانی کی فیملی کو لوٹ لیا ڈاکو ہزاروں روپے قیمتی موبائل فونز اور سامان لوٹنے کے بعد آسانی کے ساتھ فرار ہو گئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ی تعلقات عامہ
ت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 13 DEC 2025

P

# خضدار پیشہ وارانہ بھکاریوں اور جیب کتروں کی یلغار متعلقہ حکام خاموش

## سارادن بازار میں برقعہ پوش مختلف روپ میں خیرات کے بہانے لوگوں کو تنگ کررہی ہیں حکام بالانوٹس لیں، مطالبہ

خضدار(بیورورپورٹ) خضدار میں پیشہ ورانہ گداگروں اور جیب کتروں کی یلغار نے شہریوں کا جینا حرام کردیا ہے سارادن بازار میں برقعہ ے اندر گداگروں اور بھکاریاں مختلف روپ میں خیرات کے بہانے لوگوں کو تنگ کررہی ہے ملک کے مختلف صوبوں سندھ اوردیگر علاقوں سے آئےہوئے گداگروں بھکاریوں سال بھر خضدار کو ٹھیکے میں لے رکھا ہے جنکا پیشہ ہمیشہ بھیک مانگنا ہے جن میں خواتین چھوٹے چھوٹے بچے اور بچیاں شامل ہے تفصیلات کے مطابق خضدار میں کئی سالوں سےبھکاریوں کی یلغار ہےخضدار میں دن بدن پیشہ وارانہ بھکاریوں اور گداگروں کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے سودا سلف لینے والے گاہکوں کو بیزار کرنے علاوہ مسجدوں میں ہرنماز کے وقت لائنوں کھڑے ہوکر بھیک مانگی جارہی ہے اپنے علاقہ کو چھوڑکر خضدار کو ٹھیکے پر بھیک مانگنے کیلئے لیا ہے انکا چوری چکاری وطیرہ بن چکا ہے بازار کے علاوہ گلیوں میں بھی آجکل چوڑی بیچنے کے بہانے بھیک مانگتے نظر آرہی ہے خضدار پولیس انتظامیہ صرف تماشائی بنا بیٹھا ہےکچھ بھکاریوں نے شہریوں کا جینا حرام کردی ہے بیشتر سندھ سے آئے ہوئے پیشہ وارانہ بھکاریوں میں خواتین اور بچے شامل ہے جوکہ اپنے آپ کو معذور ثابت کرکے بھیک مانگا جارہا ہے اوراسی گداگری کے نام کا فائدہ اٹھاکر شہر میں چوری اور بداخلاقی کو فروغ دی جاتی ہے اب اسکو کنٹرول کرنا پولیس کی ذمہ داری ہےخضدار کے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار، ایس ایس پی پولیس خضدار سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر پیشہ وارانہ بھکاریوں کے خلاف سخت کاروائی کرکے انہیں واپس سندھ بھیجیں اور عوام کو اس کی شرنجات دلائی جائے۔

## کچھی، انٹرنیٹ سروس میں بہتری کیلئے اقدامات کا مطالبہ

بولان(نامہ نگار)ضلع کچھی میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس کی بدترین صورتحال عوام پریشان پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ چیونٹی کی رفتار پر کاروبار اور تعلیمی سرگرمیاں شدید متاثر کچھی کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے علاقے میں موبائل فون اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ (PTCL) کی انٹرنیٹ سروسز کی بدترین کارکردگی پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے عوامی حلقوں نے محکمہ پی ٹی سی ایل کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس اور سروس کو بہتر بنانے کے لیے سخت اقدامات کا مطالبہ کیا ہےعلاقے کے متاثرہ کا کہنا ہے کہ ضلع کچھی کے بڑے علاقوں بشمول مچھ ڈھاڈر اور بھاگ میں پی ٹی سی ایل کی انٹرنیٹ سروس کی رفتار چیونٹی کے چلنے کے مترادف ہے علاقے کے مکینوں کا کہنا ہے کہ اس غیر تسلی بخش اور سست رفتار انٹرنیٹ سروس کی وجہ سے روزمرہ کے تمام امور بری طرح متاثر ہورہے ہیں اور پورے ضلع کو لاکھوں کا نقصان ہورہا ہے انٹرنیٹ کی سست روی سے سب سے زیادہ کاروباری حضرات طلباء وطالبات اور آن لائن کام کرنے والے مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد متاثر ہیں اس دور جدید میں آن لائن تعلیم اور ریسرچ کے لیے انٹرنیٹ ناگزیر ہے مگر سست سروس کی وجہ سے طلباء کو اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں شدید مشکلات کا سامنا ہے ای بینکنگ آن لائن لین دین اور رابطوں میں طویل تاخیر کی وجہ سے مقامی کاروبار کو بھاری نقصان اٹھانا پڑرہا ہے۔

CamScanner

# Expanding green buses

The inauguration of Balochistan's first-ever Pink Bus Service in Quetta by Chief Minister Mir Sarfraz Bugti marks a great step toward ensuring dignified, safe, and high-quality travel for women. This initiative, which the Chief Minister rightly linked to the vision of PPP Chairman Bilawal Bhutto Zardari, underscores a practical commitment to empowering women, following up on programmes like the 'Pink Scooties.' By highlighting the stellar performance of women Deputy Commissioners, CM Bugti powerfully affirmed women's equal capability in administrative and public life.

The launch of the Pink Bus Service, alongside scholarships and other development programs, is a dynamic step. It directly addresses the need for new opportunities for women and acknowledges their central role in society. However, the celebratory inauguration also included the expansion of the Green Bus Service, and it is this broader public transport initiative that deserves continued attention. For too long, the people of Quetta city have endured significant travel difficulties due to the lack of a proper transport system. The local buses, especially those operating on crucial arteries like Sariab Road and Sirki Road, are often obsolete and inadequate for a modern, growing provincial capital.

The initial, limited roll-out of the Green Bus Service proved to be a great success. It was met with immediate public appreciation and, crucially, a clear demand for more buses and expanded routes. The recent decision to increase the number of buses, including the four dedicated Pink Buses, is commendable. It demonstrates that the provincial government is listening to the public's needs and building upon successful pilot projects. The Green Bus Service provides a better travelling experience, which translates to reduced congestion, lower carbon emissions, and improved quality of life for daily commuters.

The momentum created by the Pink Bus Service launch must be maintained and leveraged to fully realize the potential of the Green Bus project. It is our fervent hope and expectation that the provincial government will not stop here. The ultimate goal must be to significantly increase the number of Green Buses and start this essential service on all major routes across Quetta. An accessible, comprehensive, and well-maintained Green Bus network will not only ease the daily burden on commuters but will also serve as a key enabler for Quetta's future growth. It is a vital piece of infrastructure that supports all citizens, regardless of gender, class, or occupation. By prioritizing the robust expansion of the Green Bus Service alongside targeted initiatives like the Pink Bus Service, the government can transform urban mobility in Quetta, making this moment a truly sustainable and inclusive turning point for Balochistan's capital.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
[illegible]ENERAL OF PUBLIC
[illegible]ATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

6

Dated: 13 DEC 2025 Page No. 26

# پنک بس سروس اور گرین بس توسیع منصوبے کا آغاز!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم صوبائی مخلوط حکومت نے عوام سے کیا گیا ایک اور وعدہ پورا کر[illegible]۔ گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان نے کوئٹہ میں پہلی پنک بس سروس کا آغاز اور گرین بس سروس توسیع منصوبے کا افتتاح کیا۔ اس [illegible] پنک بس سروس کو صرف خواتین کے سفر کے لیے مختص کیا گیا ہے جبکہ گرین بس سروس توسیع منصوبے سے مزید بسیں چلیں گی جو کہ یقیناً عوام کیلئے ایک بہت بڑی سہولت ہے اس سے جہاں ایک جانب خو[illegible] اخوف خطر پنک بس سروس میں سفر کریں گی جبکہ دوسری جانب گرین بس سروس توسیع منصو[illegible] عوام کی مزید ایک بہت بڑی تعداد آرام دہ محفوظ اور سستے سفر سے استفادہ حاصل کریں گی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کوئٹہ میں پنک بس سروس کا آغاز پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے اسی وژن کی عملی تعبیر ہے جس کا اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ کا حلف اٹھانے کے روز کیا تھا یہ ہمارے لیے باعث فخر لمحہ ہے کہ پنک سکوٹیز کے [illegible] آج پنک بس سروس کا آغاز ہو رہا ہے جو [illegible] میں خواتین کے لیے باوقار، محفوظ اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک انقلابی قدم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت [illegible] بلوچستان صوبے کے عوام کو جدید اور معیاری ٹرانسپورٹ کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ اس مقصد کے تحت گرین بس سروس کا دائرہ [illegible] اور تربت تک بڑھایا جا رہا ہے جبکہ کوئٹہ تا [illegible] پر بھی بھرپور [illegible] جاری ہے [illegible] لیے ایک [illegible] سہولت [illegible] ہوگا۔ اس کے [illegible] الیکٹرک بسوں کو متعارف کرائیں گے [illegible] سہولیات کے ساتھ ماحولیاتی آلودگی کے چیلنجز سے بھی نمٹا سکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا پنک بس سروس کے آغاز اور گرین بس سروس کے منصوبے میں [illegible] ایک قابل [illegible] منصوبے خالصتاً [illegible] ہیں ان سے وہ ہی استفادہ حاصل کریں گے [illegible] عام شہری مستفید ہوں گے وہاں خواتین کو بھی جو سہولت میسر ہوگی وہ صوبے کی تاریخ میں ایک انقلابی اقدام ہے۔ جو اس سے پہلے کسی بھی حکومت نے نہیں اٹھایا اس طرح اس کا اعزاز موجودہ صوبائی حکومت کو حاصل ہو گیا ہے۔ جہاں تک کوئٹہ تا سریاب پیپلز ٹرین منصوبے کا تعلق ہے تو یہ منصوبہ بھی عوامی مفاد میں ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

No. 6 Dated: 13 DEC 2025 Page No. 27

# وزیراعلیٰ بلوچستان کا صحت کے شعبے میں بہتری اور عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کا عزم!

بلوچستان میں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات ضروری ہیں خاص کر دوردراز علاقوں میں موجود صحت کے مراکز کو مکمل فعال کرنے کیلئے ڈاکٹرز، عملہ، ادویات سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ بلوچستان کے دوردراز علاقوں کے غریب عوام علاج کی غرض سے کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں کیونکہ ان کے علاقوں میں صحت کی سہولیات ناپید ہیں جبکہ کوئٹہ کے سرکاری اسپتالوں میں مریضوں کا دباؤ زیادہ ہونے کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اگر ان کے اپنے علاقوں میں موجود صحت کے مراکز میں طبی سہولت میسر ہونگی تو ان کا بڑا مسئلہ حل ہوگا جبکہ اس کے ساتھ ہی کوئٹہ کے بڑے سرکاری اسپتالوں میں بھی تمام تر سہولیات کی فراہمی کیلئے مزید فنڈز اور سرمایہ کاری ضروری ہے تاکہ عوام کو باہر لیبارٹریز سے ٹیسٹ اور ادویات کی خریداری کا بوجھ نہ اٹھانا پڑے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز عالمی یوم یونیورسل ہیلتھ کوریج کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ معیاری اور قابلِ رسائی صحت ہر انسان کا نہ صرف بنیادی حق ہے بلکہ ریاست کی اولین ذمہ داری بھی ہے، حکومتِ بلوچستان اس ذمہ داری کی ادائیگی کے لیے عملی، پائیدار اور مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں صحت کے شعبے کو مضبوط بنانے کیلئے مربوط اصلاحات تیزی سے جاری ہیں، جن کا مقصد عوام کو علاج تک فوری، آسان اور قابلِ اعتماد رسائی فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کا عزم ہے کہ صوبے کے ہر شہری تک معیاری طبی سہولتیں یکساں بنیادوں پر پہنچیں، چاہے وہ شہر میں ہو یا دور دراز پہاڑی علاقوں میں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے کئی خطوں میں قیامِ پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ صحت کی بنیادی سہولیات حقیقی معنوں میں فراہم کی جارہی ہیں جو موجودہ صوبائی حکومت کے تاریخی اور غیر معمولی اقدامات کا ثبوت ہے۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت سے متعلق پروگراموں کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے تاکہ آئندہ نسلیں بہتر اور محفوظ طبی ماحول سے فائدہ اٹھا سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صحت کے شعبے میں سرمایہ کاری دراصل معاشرتی استحکام اور ایک خوشحال مستقبل کی بنیاد رکھتی ہے، اسی مقصد کے تحت غریب اور کمزور طبقات کیلئے مفت علاج کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے سرکاری ہسپتالوں میں جامع اصلاحات کی جارہی ہیں۔ ان اصلاحات کے مثبت نتائج نہ صرف نمایاں ہونا شروع ہو گئے ہیں بلکہ عوام کی زندگیاں بھی حقیقی معنوں میں تبدیل ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ہنگامی یا آفت زدہ صورتحال میں ایک مضبوط صحت کا نظام ہی عوام کی اصل حفاظتی ڈھال ثابت ہوتا ہے اور صوبائی حکومت اسی سوچ کے ساتھ شعبہ صحت کی بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، علاج تک برابری کی بنیاد پر رسائی اور عوامی فلاح کے اہداف کے حصول کے لیے مؤثر پالیسیوں پر برق رفتار پیش رفت جاری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات آئندہ برسوں میں بلوچستان کے عوام کے لیے ایک مضبوط، محفوظ، منصفانہ اور صحت مند مستقبل کی بنیاد ثابت ہوں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بلوچستان کے تمام اضلاع میں صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کا عزم خوش آئند ہے لیکن اس پر عملی اقدامات اٹھانا بھی ضروری ہے۔ صحت جیسے اہم شعبے میں بہتری اور اصلاحات لانے سے براہ راست غریب عوام کو فائدہ ہوگا، بلوچستان کے بیشتر عوام علاج کیلئے کراچی کا رخ کرتے ہیں کیونکہ ان کے اپنے صوبے میں صحت کی تمام تر سہولیات دستیاب نہیں، غریب عوام مالی مشکلات کے باوجود ملک کے دیگر شہر میں علاج کرانے جاتے ہیں جہاں انہیں علاج بھی مہنگا پڑتا ہے جبکہ رہائش سمیت دیگر مسائل کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اگر بلوچستان کے تمام اضلاع کے صحت کے مراکز میں علاج معالجے کی سہولت میسر ہوگی تو ان کا بڑا مسئلہ حل ہوگا۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

امت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 13 DEC 2025

Page No. 2


# عوام کو بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنا سرفہرست ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں جدید طبی سہولیات کا قیام عوام کی جان بچانے اور ایمرجنسی کی صورتحال میں بروقت و معیاری علاج کی فراہمی کے لیے ناگزیر ہے حکومت اسی وژن کے تحت صحت کے شعبے میں تاریخی اصلاحات اور جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر پر تیزی سے کام کر رہی ہے انہوں نے یہ بات کوئٹہ میں اینٹی روڈ پر زیر تعمیر نیو ٹراما سینٹر کے تفصیلی دورے کے موقع پر کہی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی اور سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر نے منصوبے کی موجودہ پیش رفت اور تکمیل کے مراحل سے متعلق جامع بریفنگ دی بریفنگ میں بتایا گیا کہ 135 تا 150 بیڈ پر مشتمل جدید ٹراما سینٹر تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے منصوبے میں چار جدید آئی سی یو، آٹھ آپریشن تھیٹرز، جدید امیجنگ سہولیات، لیبارٹری یونٹس اور پوسٹ آپریٹو کیئر یونٹس شامل ہیں یہ ٹراما سینٹر اپنی نوعیت کا بلوچستان کا سب سے بڑا اور جدید ترین ایمرجنسی طبی ادارہ ہوگا جسے عالمی معیار کے مطابق مکمل کیا جا رہا ہے ٹراما سینٹر اپنی نوعیت کا بلوچستان کا سب سے بڑا اور جدید ترین ایمرجنسی طبی ادارہ ہوگا جسے عالمی معیار کے مطابق مکمل کیا جا رہا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے تعمیراتی رفتار اور معیار پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت، سیکرٹری صحت، سیکرٹری مواصلات اور پوری منصوبہ ساز ٹیم کی کارکردگی کو سراہا انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان کی ترجیحات میں عوام کو بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنا سرفہرست ہے اور نیو ٹراما سینٹر اس سلسلے میں ایک سنگِ میل ثابت ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ٹراما سینٹر کی تکمیل سے صوبے میں ایمرجنسی کیسز کے فوری، موثر اور بروقت علاج کی نئی گنجائش پیدا ہوگی ٹراما سینٹر کی تکمیل سے صوبے میں ایمرجنسی کیسز کے فوری، موثر اور بروقت علاج کی نئی گنجائش پیدا ہوگی جس سے انسانی جانوں کے تحفظ میں نمایاں بہتری آئے گی انہوں نے کہا کہ مریضوں کے لیے آئی سی یو، او ٹی، امیجنگ اور لیبارٹری کی جدید ترین سہولیات کو بین الاقوامی معیار کے مطابق یقینی بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے بڑے شہری مراکز میں جدید طبی ڈھانچے کی توسیع حکومت کا بنیادی ہدف ہے اور صحت کے شعبے میں جاری اصلاحات کے نتیجے میں عوامی فلاح کے اہداف تیزی سے حاصل ہوں گے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

llet No. 6 Dated: 13 DEC 2025 Page No. 2



سانچ

محمد مظہر رشید چوہدری

mazhar03336963372@gmail.com

# بلوچستان کا ابھرتا ہوا اعتماد

35 ویں نیشنل گیمز میں بلوچستان کی مجموعی کارکردگی اس بار نمایاں رہی۔ برسوں تک صوبے کے کھلاڑی کم وسائل، محدود کوچنگ اور بنیادی سہولیات کی کمی کے باعث پس منظر میں نظر آتے رہے، لیکن رواں گیمز میں بلوچستان نے جس طرح مختلف مقابلوں میں اپنی جگہ بنائی اور مسلسل میڈلز حاصل کیے، اس نے ایک نئے اعتماد کی بنیاد رکھ دی ہے۔ سانچ کے قارئین کرام کے لیے یہاں 11 دسمبر 2025 تک کی مستند اور تصدیق شدہ کارکردگی پیش کی جا رہی ہے۔ کراچی میں ہونے والی افتتاحی تقریب میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور گورنر سندھ کامران ٹیسوری کے ہمراہ شرکت کی۔ چاروں صوبوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، اسلام آباد، آرمی، واپڈا، پولیس، ایچ ای سی، نیوی، ایئر فورس اور ریلوے کے دستوں نے مارچ پاسٹ میں حصہ لیا۔ یہ افتتاح اس بات کا اعلان تھا کہ ملک بھر کے کھلاڑی ایک بار پھر سبز ہلالی پرچم کی سربلندی کے لیے میدان میں موجود ہیں۔ بلوچستان نے ابتدائی دنوں میں ہی اپنی موجودگی اس وقت نمایاں کر دی جب کراٹے کے ایونٹ میں صوبے کی نمائندہ خاتون کھلاڑی نے 50 کلوگرام کیٹیگری میں شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے گولڈ میڈل حاصل کیا۔ یہ جیت کسی بھی لحاظ سے معمولی نہ تھی، کیونکہ مقابلے میں ان کا سامنا وہ حریف تھی جو روایتی طور پر مضبوط اور تجربہ کار سمجھی جاتی ہے۔ بلوچستان میں خواتین کھلاڑیوں کے لیے راستے پہلے ہی محدود ہیں۔ ایسے میں یہ کامیابی نہ صرف تکنیکی برتری کی علامت ہے بلکہ اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر صوبے کی بیٹیوں کو مناسب مواقع ملیں تو وہ قومی سطح پر نمایاں مقام بنا سکتی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل کھیل بلوچستان ڈاکٹر یاسر خان بازئی کی جانب سے اس کھلاڑی کے لیے انعام کا اعلان اسی حوصلہ افزائی کا حصہ ہے۔ فینسنگ میں بلوچستان کی کارکردگی رواں گیمز کا سب سے روشن باب ہے۔ انفرادی ایونٹ میں ایک نوجوان خاتون فینسر نے گولڈ میڈل حاصل کیا، جبکہ اسی مقابلے میں بلوچستان ہی کی دوسری کھلاڑی نے سلور میڈل اپنے نام کیا۔ یہ لمحہ خود بلوچستان کے لیے تاریخی تھا کیونکہ دونوں کھلاڑی فائنل میں آمنے سامنے تھیں اور یہ بات طے تھی کہ پہلا اور دوسرا دونوں اعزاز بلوچستان کے حصے میں آئیں گے۔ یہ کارکردگی نہ صرف تربیتی عمل کی مضبوطی کو ظاہر کرتی ہے بلکہ اس کھیل میں بلوچستان کی نئی نسل کے ابھرنے کی علامت بھی ہے۔ فینسنگ ٹیم کے کوچ محمود شریف نے اس کامیابی میں اہم کردار ادا کیا جن کی رہنمائی میں کھلاڑیوں نے جدید تکنیک، رفتار اور دفاعی مہارت کا بہترین امتزاج دکھایا۔ بلوچستان فینسنگ ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل حاجی محمد قاسم کی مسلسل محنت اور تنظیمی کوششوں کو بھی کھلاڑیوں نے نمایاں طور پر سراہا۔ بلوچستان اولمپکس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری شیر محمد ترین اور وائس پریذیڈنٹ گل محمد کاکڑ نے گولڈ اور سلور میڈل جیتنے والی کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور انہیں مبارکباد کے ساتھ حوصلہ دیا۔ کراٹے کے کاتا ایونٹ میں فاطمہ چنگیزی نے براونز میڈل جیت کر صوبے کی کارکردگی میں مزید اضافہ کیا۔ اسی طرح ریسلنگ میں سیف اللہ، تائیکوانڈو میں حمیدہ ہزارہ، باڈی بلڈنگ میں ظفر خان اور کراٹے کے ایک اور ایونٹ میں قاسم نے بھی میڈلز حاصل کیے۔ یہ وہ کھلاڑی ہیں جنہوں نے محدود وسائل کے باوجود اپنی محنت اور جذبے کے بل پر قومی سطح پر جگہ بنائی۔ بلوچستان کی ٹیم نے اس سال ووشو میں غیر معمولی کارکردگی دکھائی۔ 22 رکنی اسکواڈ میں سے 19 کھلاڑیوں کا سیمی فائنل تک پہنچنا کسی بھی صوبے کے لیے بہت بڑی کامیابی ہے۔ ووشو تکنیکی اور جسمانی طور پر سخت کھیل ہے، اور اس مقابلے میں اتنے زیادہ کھلاڑیوں کا آخری مراحل تک جانا تربیتی نظام کی بہتری کو ظاہر کرتا ہے۔ فی میل اسکواش ٹیم نے بھی اب کی بار اپنی موجودگی مزید مضبوط کی۔ ٹیم ایونٹ میں براونز میڈل نے ثابت کیا کہ بلوچستان اب صرف چند کھیلوں تک محدود نہیں رہا بلکہ مختلف شعبوں میں آگے بڑھ رہا ہے۔ میڈل ٹیبل کے مطابق 11 دسمبر تک بلوچستان نے دو گولڈ، چھ سلور اور گیارہ براونز میڈلز حاصل کیے ہیں، جبکہ مجموعی طور پر بیس سے زیادہ میڈلز کے ساتھ صوبہ اپنی بہترین کارکردگی دکھا رہا ہے۔ اگرچہ آرمی 144 گولڈ کے ساتھ واضح برتری پر ہے، اس کے بعد واپڈا اور نیوی کی پوزیشنیں قائم ہیں، لیکن بلوچستان کی میڈل کارکردگی اس حقیقت کی نشاندہی کرتی ہے کہ صوبہ کم وسائل کے باوجود اپنی جگہ بنا رہا ہے۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ بلوچستان کے کھلاڑی عام طور پر ان بڑے ڈیپارٹمنٹس کے مقابلے میں آتے ہیں جن کے پاس جدید سہولیات، سینئر کوچز اور بڑے تربیتی مراکز دستیاب ہوتے ہیں۔ اس تناظر میں بلوچستان کا بار بار میڈل جیتنا محض ایک کامیابی نہیں بلکہ ایک علامتی پیش رفت ہے۔ یہ پیغام ہے کہ اگر ٹیلنٹ کو سہارا ملے تو وہ کسی بھی بڑی رکاوٹ کو عبور کر سکتا ہے۔ بلوچستان کی مجموعی کارکردگی اس طرف اشارہ کرتی ہے کہ اگر صوبے میں کھلاڑیوں کو مستقل بنیادوں پر معاونت، تربیت اور سہولیات فراہم کی جائیں تو وہ مستقبل میں بھی ملک بھر کے مقابلوں میں اہم مقام بنا سکتے ہیں۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ صوبائی حکام اس رفتار کو جاری رکھیں، کھیلوں کی سرپرستی کو مزید مضبوط کریں اور ان نتائج کو پالیسی کا حصہ بنائیں۔ 35 ویں نیشنل گیمز نے یہ بات واضح کر دی ہے کہ بلوچستان نہ صرف خود کو ثابت کر رہا ہے بلکہ اُس مقام کی طرف بڑھ رہا ہے جس کا وہ حق دار ہے۔ یہ سفر ابھی طویل ہے، لیکن آغاز حوصلہ افزا ہے۔ اب ذمہ داری اداروں پر ہے کہ وہ اس سلسلے کو مضبوط رکھیں اور بلوچستان کے کھلاڑیوں کے لیے ترقی کے نئے دروازے کھولیں۔۔